# ادبیات

## نعتِ رسول

(از جناب بسمل شاہجہانپوری)

امید شفاعت کیا کہنا تسکینِ دل و جاں کیا کہنا
اے شافع محشر فخر بشر امت کے نگہباں کیا کہنا

اے ماہِ عرب اے مہرِ عجم اے نیّرِ تاباں کیا کہنا
ہر پردۂ ظلمت چاک ہوا اے مشعلِ یزداں کیا کہنا

انوارِ نبوت سے ابتک دن رات میں اک تابانی ہے
اے مہرِ درخشاں کیا کہنا اے شمعِ شبستاں کیا کہنا

آئینِ حکومت پر جس کے دنیا کے سلاطیں جھکتے ہیں
اس شان کا پیغمبر بھیجا اے رحمتِ یزداں کیا کہنا

اے شمسِ ضحیٰ اے بدرِ دجیٰ اے نورِ دوعالم صلّ علیٰ
اے جلوۂ حق اے شمعِ حرم اے کوکبِ عرفاں کیا کہنا

ہر حرف سراجِ راہِ ہدیٰ ہر لفظ بیاضِ رمزِ خدا
تحریرِ مشیت کے حامل اے صاحبِ قرآں کیا کہنا

کیا نعت سنائی صلّ علیٰ صلواۃ اللہ صلواۃ اللہ
اے بسملِ احمد کیا کہنا اے مردِ مسلماں کیا کہنا

## "اپنے حضورؐ کے نام"

پیکرِ اسلام —— قرآنِ مجسم السّلام
السلام اے رہنمائے روحِ آدم السّلام

جب زمیں ظلمات میں ملفوف تھی محصور تھی
ظلمتوں سے پار ہو سکتا نہ تھا سورج کا نور

زندگی جب زندگی کی عظمتوں سے دور تھی
آدمی پر جب ہنسا کرتے تھے حیوان و طیور